زبان و ادب کے ضمن میں ان کے تنقیدی و تحقیقی کارناموں کو بھی زیر بحث لایا گیا ہے۔ حقوق نسواں کے سلسلے میں قاسم امین کے خیالات پر بحث خاصی متوازن ہے۔ کتاب میں حوالوں کا اہتمام ہے اور مآخذ و مراجع کی مکمل فہرست بھی دی گئی ہے۔ قیمت ضخامت کی نسبت زیادہ ہے۔ (د۔ ب۔ ش)

مجلہ **الایضاح**، مدیر اعلیٰ: ڈاکٹر معراج الاسلام ضیا۔ ناشر: شیخ زید اسلامک سنٹر، پشاور یونی ورسٹی۔ صفحات: ۱۸۶۔ قیمت: ۱۰۰ روپے / ۷ ڈالر۔

اس ششماہی عربی مجلّے کے مضامین کی نوعیت زیادہ تر تحقیقی ہے۔ اصول تحقیق کے مطابق مضامین کے ساتھ حواشی اور حوالہ جات درج ہیں۔ مجلہ علم دوست احباب کے لیے مفید ہے، کیوں کہ یہ مفید معلومات فراہم کرنے کے علاوہ قارئین میں تحقیق و تخریج کا شوق بھی پیدا کرتا ہے۔ مضامین زیادہ تر حدیث، شریعت، تاریخ اسلام اور عربی زبان کے بارے میں ہیں۔ پروف خوانی ذرا بہتر انداز سے ہونی چاہیے۔ (نجیب الرحمٰن کیلانی)

ڈاکٹر رحیم بخش شاہین مرحوم

ترجمان القرآن کے قلمی معاون اور تبصرہ نگار پروفیسر ڈاکٹر رحیم بخش شاہین ۱۸ جولائی ۱۹۹۸ کو راولپنڈی میں انتقال کر گئے۔ انا للہ وانا الیہ راجعون۔

شاہین مرحوم ایک بلند پایہ اسکالر اور عالمی شہرت یافتہ اقبال شناس تھے۔ اس وقت وہ علامہ اقبال اوپن یونی ورسٹی میں صدر شعبہ اقبالیات کے فرائض انجام دے رہے تھے اور پیرس کی ایک یونی ورسٹی میں اقبال سٹڈیز چیئر پر ان کا انتخاب ان دنوں زیر غور تھا۔ قبل ازیں کئی سال تک وہ مختلف کالجوں میں درس و تدریس سے وابستہ رہے۔ ایک عرصے تک وہ تنظیم اساتذہ پاکستان کے بانی صدر ڈاکٹر محمد اسلم قریشی کے دست راست کے طور پر، تنظیم سے منسلک رہے۔ اقبالیات پر وہ متعدد وقیع کتابوں کے مولف تھے (اوراق گم گشتہ، ارمغان اقبال، اقبال کے معاشی نظریات اور Mementos of Iqbal انھوں نے مولانا مودودیؒ کے انٹرویو بھی جمع و مرتب کر کے دو جلدوں میں شائع کیے تھے۔

مرحوم کی وفات سے ادارہ، ایک فاضل قلمی معاون سے محروم ہو گیا ہے۔ اللہ تعالیٰ سے دعا ہے کہ وہ ان کی مغفرت کرے اور لواحقین کو صبر جمیل سے نوازے۔ آمین! (ادارہ)